سوال

(354) نماز میں بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے، بلکہ اس کے برعکس یہ ثابت ہے کہ آپ یہ خاموشی سے پڑھا کرتے تھے۔ اور اس مسئلہ میں یہ بات ہی زیادہ صحیح ہے۔ تاہم امام کے لیے اس قدر جائز ہے کہ بسم اللہ یا دوسری قراءت میں جو نیچی آواز سے پڑھا جاتا ہے اگر کسی وقت کچھ اونچی آواز سے پڑھ لے تاکہ اس کے پیچھے مقتدیوں کو بھی تعلیم وتنبیہ ہو تو جائز ہے۔ مگر اسے ہمیشہ اونچی آواز سے پڑھنا اپنا معمول بنا لے تو یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ صحیح سنت کے خلاف ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 300

محدث فتویٰ